موصولات | ۱۔ **کاروانِ زندگی** ۔ از مولانا سید ابوالحسن علی ندوی صفحات ۵۱۸ ۔ قیمت ۴۵ روپے

کتاب پر جامع تبصرہ الحق میں شائع ہو چکا ہے اور اب پاکستان میں منظر عام پر آچکی ہے جس کو مجلس نشریات اسلام کراچی نے اعلیٰ کاغذ اور عمدہ طباعت کے ساتھ شائع فرمایا ہے۔ درج ذیل پتہ سے دستیاب ہے۔

مجلس نشریات اسلام ۔ ۱ ۔ کے ۔ ۳ ۔ ناظم آباد ۱ ۔ کراچی ۱۸۔

۲۔ ہندوستان سے جناب حسن سعید صاحب لیکچرار کامرس انوار العلوم ایوننگ کالج حیدر آباد کے تصنیف کردہ رسائل موصول ہوئے جن کے نام یہ ہیں:۔

ا۔ **فیشن پرستی اور اس کا علاج** ۔ صفحات ۱۹۲ ۔ قیمت ۶ روپے

ب ۔ **پاؤں میز کی رسم سے جمعگیوں تک** ۔ صفحات ۲۶۴ ۔ قیمت ۸ روپے

ج ۔ **سینما بینی اور اس کے مہلک اثرات** ۔ صفحات ۱۱۲ ۔ قیمت ۴ روپے

د ۔ **ریس یعنی گھوڑ دوڑ** ۔ صفحات ۶۶ قیمت ۲ روپے

اندازِ تحریر سلیس، معلوماتی، دلچسپ، مصلحانہ اور تبلیغی ہے۔ قیمت واجبی ہے درج ذیل پتہ پر دستیاب ہیں۔

مدرسہ تعلیم القرآن (۱۶۰۹ - ۵۸۱) قدیم ملک پیٹ ۔ حیدر آباد (انڈیا)

۳۔ **حرمتِ شراب** ۔ شیخ عثمان بن الصافی کے ایک عربی کتابچہ کا اردو ترجمہ ہے۔ جو ۴۰ صفحات میں آگیا ہے۔ پچاس پیسے کے ٹکٹ بھیج کر "پاک مسلم اکادمی، الفضل مارکیٹ ۱۷، اردو بازار لاہور نمبر ۲ سے طلب کیا جا سکتا ہے۔

۴۔ **الانسداد لطرق الالحاد** ۔ دارالعلوم اسلامیہ عربیہ شیر گڑھ کے فاضل مدرس مولانا عبدالحق کوہستانی کی تصنیف ہے جس میں ڈاکٹر عثمانی کے تلبیسات پر تنقید۔ مسئلہ عذابِ قبر اور اثبات حیات النبی پر علماء دیوبند کے مسلک کو اعتدال کے ساتھ پیش کیا گیا ہے ۔ ۴۵ صفحات کا یہ رسالہ شعبہ تصنیف و تالیف دارالعلوم اسلامیہ عربیہ شیر گڑھ ضلع مردان کے پتہ سے منگوایا جا سکتا ہے۔

اسلام کا قانونِ دیت | دیت کے شیڈول اور اس کے تفصیلی احکامات (۶۲ دفعات) کا ۵۶ صفحات کا رسالہ ہے۔ مقالہ فقہ حنفی کا نچوڑ ہے جسے مولانا قاضی بشیر احمد صاحب اور مولانا قاضی مقبول الرحمن صاحب نے بڑی عرق ریزی سے مرتب کیا ہے جو ۸ روپے میں مدنی کتب خانہ نور مارکیٹ اردو بازار گوجرانوالہ کے پتے سے دستیاب ہے۔

اسلامی ریاست میں عدل نافذ کرنے والے ادارے | ۶۴ صفحات کے اس رسالے میں جناب سید عبدالرحمن صاحب بخاری نے اسلام کے حقیقی نظام عدل قائم کرنے والے اداروں کے قیام پر بحث کی ہے۔

مندرجہ ذیل پتہ سے منگوایا جا سکتا ہے۔

مرکز تحقیق دیال سنگھ ٹرسٹ لائبریری ۔ نسبت روڈ لاہور

(عبدالقیوم حقانی)